NHS
Test and Trace

# این ایچ ایس
# ٹیسٹ اینڈ ٹریس
# ایپ کا تعارف



# یوکے کے ردعمل کو مدد دینا

یہ ایپ یوکے میں اس وباء کے خلاف لڑنے میں کیسے مدد دے گی

این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس ایپ کورونا وائرس (کووڈ-19) کا ٹیسٹ کرنے اور متاثرہ لوگوں پر نظر رکھنے کے ہمارے ایک بڑے پروگرام کا حصہ ہے جس کو ہم این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس کہتے ہیں۔ یہ ایپ متاثرہ لوگوں پر نظر رکھنے کے ہمارے روایتی طریقے کے ساتھ استعمال ہو گی تاکہ یہ کورونا وائرس سے متاثرہ شخص سے رابطہ میں آنے کی صورت میں اپنے استعمال کنندگان کو مطلع کرے۔

اس ایپ سے لوگ اپنی علامات کی اطلاع دے سکتے ہیں، کورونا وائرس کا ٹیسٹ آرڈر کر سکتے ہیں اور ایک کیو آر کوڈ کو اسکین کر کے مقامات کے اندر جا سکتے ہیں اور یہ این ایچ ایس کو ان لوگوں کا سراغ لگانے میں بھی مدد دیتی ہےجن کو ممکن ہے کورونا وائرس ہو۔

اس ایپ سے این ایچ ایس کو یہ جاننے میں مدد ملے گی کہ آیا کوروناوائرس کسی خاص علاقے میں پھیل تو نہیں رہا تاکہ لوگوں کی زندگیوں کے تحفظ کے لیے لوکل اتھارٹیز اس کےپھیلاؤ کی روک تھام کے لیے فوری اقدامات اٹھا سکیں۔


یہ ایپ اپنا کام استعمال کنندہ کی شناخت کو ظاہر کیے بغیر کرتی ہے۔ کوئی بھی شخص، حتٰی کہ حکومت بھی یہ نہیں جان سکے گی کہ کوئی مخصوص استعمال کنندہ کون ہے یا کہاں ہے۔



NHS Test and Trace

# این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس ایپ

آئیں اپنی پسندیدہ چیزوں کی جانب واپس جاتے ہیں







## ایپ کی اہمیت

ایپ کو ڈاؤن لوڈ کرنے والا ہر شخص کورونا وائرس (کووڈ-19) کے خلاف لڑائی میں مدد فراہم کرے گا۔

ایپ کی مدد سے این ایچ ایس یہ جان سکے گا کہ کورونا وائرس کتنی تیزی سے اور کہاں پھیل رہا ہے، تاکہ فوری اور مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ ایپ این ایچ ایس کومدد دیتاہے کہ وہ وائرس کا سراغ لگائیں نہ کہ افراد کا۔

## ایپ ڈیٹا

یہ ایپ آپ کو یا آپ کی لوکیشن یعنی محلِ وقوع کو ٹریک نہیں کرے گی۔ اس کی بجائے آپ کے پوسٹ کوڈ ڈسٹرکٹ کی مدد سے اس ایپ سے یہ معلوم ہو گا کہ وائرس کہاں پھیل رہا ہے۔

آپ کا پوسٹ کوڈ ڈسٹرکٹ آپ کے پوسٹ کوڈ کا پہلا حصہ ہوتا ہے جس میں تقریبًا 8,000 دیگر گھرانے بھی رہتے ہیں۔ جب آپ پہلی مرتبہ ایپ کو ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں، تو آپ سے آپ کا پوسٹ کوڈ ڈسٹرکٹ بھی مانگا جاتا ہے۔

## ایپ کے متاثرہ شخص کےسراغ لگانےکےفوائد

یہ ایپ ایسے استعمال کنندگان کی شناخت کرے گی جنہیں وہ ذاتی طور پر جانتے بھی نہیں ہوں گے اور انہوں نے ایک دوسرے کے قریب وقت گزارا ہو گا اور بعد میں ان کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو گا۔

اس ایپ کی "چیک ان" خصوصیت معاونت کرتی ہے اور ان استعمال کنندگان کو گمنام طریقے سے خبردار کرتی ہے جو بیک وقت ایک مقام پر موجود ہوں۔

متاثرہ شخص کی ایپ کی مدد سے کھوج لگانے سے قریب رہنے والے لوگوں کو خبردار کرنے کا وقت کم ہو جاتا ہے۔


NHS
Test and Trace

# ایپ آپ کی مدد کیسے کرتی ہے

ایپ کی ایسی کلیدی خصوصیات ہیں جن سے آپ کو آزادی زیادہ سے زیادہ جبکہ خطرہ کم از کم ہوتا ہے

اگر آپ ایپ ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں، تو چھ ایسی کلیدی خصوصیات ہیں جو آپ کی اور آپ کی کمیونٹی کی مدد کرتی ہیں۔

ان سے آپ کا ذاتی خطرہ کم ہو جاتا ہے اور دوسروں کو بھی کم خطرات لاحق ہوتے ہیں۔



## سراغ لگائیں

متاثرہ لوگوں کی شناخت کے حوالے سے، یہ ایپ بے قاعدہ آئی ڈیز استعمال کرتے ہوئے نزدیک موجود دیگر ایپ استعمال کنندگان کی نشاندہی کرتی ہے۔

ان استعمال کنندگان میں سے اگر بعد میں کسی کا کورونا وائرس (کووڈ-19) ٹیسٹ مثبت آ جاتا ہے، تو آپ کو خبردار کیا جاتا ہے اور مشورہ بھی دیا جاتا ہے۔




## خبردار رہیں

جب آپ پہلی مرتبہ ایپ میں رجسٹر ہوتے ہیں، تو آپ سے آپ کے پوسٹ کوڈ کا پہلا حصہ پوچھا جاتا ہے۔ آپ یہ دیکھنے کے لیے ایپ کو روزانہ چیک کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کے علاقے میں کورونا وائرس کا بہت زیادہ خطرہ تو موجود نہیں۔

اگر ایسا ہوا، تو آپ کو مطلع کرنے کے لیے نوٹیفیکیشن بھی ملے گا۔
اس کی مدد سے آپ اپنے اور اپنے پیاروں کے تحفظ کے لیے روزانہ کی بنیاد پر فیصلے کر سکتے ہیں۔



## داخل ہوں

ایپ کی مدد سے آپ جب کسی جگہ جاتے ہیں، تو ریکارڈ دیکھنے کے لیے وہاں پہنچنے پر "داخل ہونے" سے پہلے کیو آر کوڈ استعمال کر سکتے ہیں۔

ایپ آپ کی کوئی ذاتی معلومات ریکارڈ کیے بغیر وہاں پر آپ کی موجودگی کا وقت ریکارڈ کر لیتی ہے۔ اگر آپ حال ہی میں کسی ایسی جگہ پر گئے ہوں جہاں پر کورونا وائرس کا کوئی مریض موجود ہوا، تو آپ کو انتباہ موصول ہو گا۔

NHS Test and Trace

# ایپ آپ کی مدد کیسے کرتی ہے

ایپ کی ایسی کلیدی خصوصیات ہیں جن سے آپ کو آزادی زیادہ سے زیادہ جبکہ خطرہ کم از کم ہوتا ہے

اگر آپ ایپ ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں، تو چھ ایسی کلیدی خصوصیات ہیں جو آپ کی اور آپ کی کمیونٹی کی مدد کرتی ہیں۔


ان سے آپ کا ذاتی خطرہ کم ہو جاتا ہے اور دوسروں کو بھی کم خطرات لاحق ہوتے ہیں۔



### علامات

اگر آپ کو اپنی طبیعت خراب محسوس ہو، تو آپ ایپ سے چیک کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کی علامات کورونا وائرس (کووڈ-19) والی ہیں۔

یہ ایپ آپ کو ممکنہ علامات کی ایک فہرست دکھائے گی جہاں سے آپ اپنی متعلقہ علامات کو منتخب کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد یہ آپ کو بتائے گی کہ آیا آپ کو کورونا وائرس ہے یا نہیں۔



### ٹیسٹ

اگر آپ میں کورونا وائرس کی علامات موجود ہوئیں، تو یہ ایپ آپ کو ایک ایسی ویب سائیٹ پر لے جائے گی جہاں پر آپ ایک ٹیسٹ بک کر سکتے ہیں۔



### آئسولیٹ یعنی علیحدگی

اگر آپ کو ایپ مشورہ دیتی ہے کہ آپ آئسولیٹ ہو جائیں، تو یہ آپ کے لیے ایک کاؤنٹ ڈاؤن ٹائمر لگا دے گی جس سے آپ کو یہ معلوم ہو گا کہ آپ نے اپنے آپ کو کب تک آئسولیٹ رکھنا ہے۔

جب آپ کی آئسولیشن یعنی علیحدگی کا وقت ختم ہو جائے گا، تو یہ ایپ آپ کو یاددہانی کا ایک نوٹیفیکیشن دے گی اور تازہ ترین مشورے کے لیے آپ کو ایک لنک بھی دے گی۔

NHS Test and Trace

# یہ ایپ کام کیسے کرتی ہے

گوگل اور ایپل کے ساتھ شراکت داری میں تیار کردہ ایک ایپ جو کورونا وائرس کے خلاف جنگ میں مدد دیتی ہے

## ایپ کی ٹیکنالوجی

این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس ایپ آپ کے سمارٹ فون کے موجودہ "ایکسپوژر لاگنگ" کو استعمال کرتے ہوئے یہ پتہ لگاتی ہے کہ آپ نے کورونا وائرس (کووڈ-19) سے متاثرہ دیگر ایپ استعمال کنندگان کے پاس وقت تو نہیں گزارا۔

اس کام کے لیے آپ کا بلوٹوتھ آن رہنا لازمی ہے: اس کی وجہ سے آپ کے فون کی بیٹری پر بہت زیادہ اثر نہیں پڑے گا، کیونکہ یہ ایپ "بلوٹوتھ کی کم توانائی" استعمال کرتی ہے۔


## دیگر لوگوں کو خبردار کرنا

کورونا وائرس کے حامل ایپ استعمال کنندگان یہ انتخاب خود کر سکتے ہیں کہ آیا وہ دیگر ایپ استعمال کنندگان کو خبردار کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ متاثرہ ایپ استعمال کنندہ کے قریب موجود دیگر ایپ استعمال کنندگان کو خبردار کرنے کے لیے ایک بے قاعدہ منفرد آئی ڈی استعمال کی جائے گی۔ اس کا مقصد کورونا وائرس کے مثبت مریض کی رازداری اور شناخت کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔

## اس میں مشترکہ طور پر

ایپ کی مدد سے سراغ لگائے جانے والا ہر رابطہ، متاثرہ لوگوں پر نظر رکھنے کے ہمارے موجودہ نظام میں بہتری لائے گا اور کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مددگار ثابت ہو گا۔





NHS Test and Trace

# اگر آپ میں علامات ہوں، تو آپ کو کیا کرنا چاہیے؟

آپ یہ چیک کرنے کے لیے ایپ استعمال کر سکتے ہیں کہ آیا اپنی علامات کی بناء پر آپ کو ٹیسٹ کروا لینا چاہیے

اگر آپ کو اپنی طبیعت خراب محسوس ہو، تو آپ کو ایپ سے چیک کرنا چاہیے کہ آیا آپ کی علامات کرونا وائرس (کووڈ-19) والی ہیں۔

## میں ایپ میں اپنی علامات کیسے درج کروں؟

آپ "Report Symptoms" بٹن کو دبا کر ایپ میں اپنی علامات درج کر سکتے ہیں۔

یہ ایپ آپ کو ممکنہ علامات کی ایک فہرست دکھائے گی جہاں سے آپ اپنی متعلقہ علامات کو منتخب کر سکتے ہیں۔

## جب میں نے اپنی علامات درج کرلیں تو پھر کیا ہو گا؟

سوالات کے جوابات دینے کے بعد، معلومات کو ایپ میں جمع کرانے سے پہلے آپ انہیں چیک کر سکتے ہیں۔

اس کے بعد ایپ آپ کو بتائے گی کہ آیا آپ کی علامات کورونا وائرس کی ہیں یا نہیں اور آپ کو این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس ویب سائٹ کا لنک بھی دے گی جہاں پر آپ ایک مفت ٹیسٹ بک کرا سکتے ہیں۔



NHS
Test and Trace

# ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ

آپ کے ٹیسٹ نتائج تک آسان رسائی اور آگے کیا کرنا چاہیے




### اگر میرے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کا کورونا وائرس (کووڈ-19) کا نتیجہ مثبت آ جاتا ہے، تو ایپ آپ کو آئسولیٹ یعنی علیحدگی اختیارکرنےکےلیے کہے گی۔ اس وقت کے دوران گھر پر ہی قیام کرنا نہایت اہم ہوتا ہے۔ ایپ آپ کو ایک کاؤنٹ ڈاؤن ٹائمر کے ذریعے آپ کی آئسولیشن کی مدت پر نظر رکھنے میں مدد دے گی اور آپ کو بتائے گی کہ آپ نے کتنے وقت تک اپنے آپ کو آئسولیٹ رکھنا ہے۔ ایپ آپ کو این ایچ ایس کی جانب سے کورونا وائرس کے حوالے سے مشاورت کا ایک لنک بھی دے گی اور یہ کہ اگر آپ کی طبعیت خراب ہو، تو آپ کو کیا کرنا چاہیے۔

### میرے ٹیسٹ کے نتیجے کا معاشرے کے دیگر لوگوں کے لیے کیا مطلب ہونا چاہیے؟

اگر آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے، توآپ انتخاب کر سکتے ہیں کہ آیا آپ دیگر ایپ استعمال کنندگان کو خبردار کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔

اگر آپ دیگر لوگوں کو خبردار کرنا چاہتے ہیں، تو این ایچ ایس کے ڈاکٹر اور سائنسدان ایک الگورتھم یعنی حساب استعمال کرتے ہوئے یہ بتا سکتے ہیں کہ دوسرے لوگوں کو خطرے سے بچانے کے لیے آپ کو ان سے کتنا دور رہنا چاہیے۔

آپ کی علامات ظاہر ہونے سے مخصوص مدت پہلے تک آپ کے ساتھ رابطہ میں رہنے والے ایپ استعمال کنندگان کو خبردار کرنے کے لیے ایک بے قاعدہ منفرد آئی ڈی استعمال کی جائے گی۔
اس انتباہ میں آپ کے بارے میں کوئی بھی ذاتی معلومات نہیں فراہم کی جائیں گی اور آپ کی رازداری اور شناخت کو ہمیشہ خفیہ رکھا جائے گا۔

ایسا انتباہ موصول کرنے والے ایپ استعمال کنندگان کو آگے کے مراحل کے بارے میں این ایچ ایس کی جانب سے باضابطہ مشاورت فراہم کی جائے گی۔ آپ کے ساتھ پبلک ہیلتھ انگلینڈ کی جانب سے بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے اور آپ سے ایک فارم پر کرنے کی گزارش کی جا سکتی ہے، جس میں آپ بتائیں گے کہ آپ کے علم کے مطابق آپکی حالیہ طور پر کن لوگوں کے ساتھ قربت رہی ہے۔

# آپ کی ذاتی رازداری اور ڈیٹا

رازداری اور ڈیٹا کا تحفظ کیسے کیا جاتا ہے

## آپ کی رازداری اور شناخت کا تحفظ کرنا

این ایچ ایس ڈیٹا کو آپ کے فون تک محفوظ طریقے سے بھیجے گا۔ مثلاً اس ڈیٹا میں آپ کے پوسٹ کوڈ ڈسٹرکٹ میں خطرہ کے درجہ میں تبدیلی کے بارے میں معلومات شامل ہو سکتی ہے۔ اس ڈیٹا کو آپ کے قریب آنے والے کورونا وائرس (کووڈ-19) کے دوسرے ایپ استعمال کنندگان سے آپ کو خبردار رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

آپ کو انتباہ بھیجنے کے لیے، این ایچ ایس ایپ کے دیگر ٹیسٹ اینڈ ٹریس استعمال کنندگان کی شناخت کے لیے ایپ بے قاعدہ منفرد آئی ڈیز استعمال کرتی ہے۔ ان بے قاعدہ آئی ڈیز کے استعمال کا مقصد ایپ کے دیگر استعمال کنندگان کے ساتھ آپ کے روابط کو نجی رکھنا ہے۔

تمام ریکارڈ بشمول تاریخ، وقت اور یہ کہ آپ دیگر ایپ استعمال کنندگان سے کتنے فاصلے پر موجود ہیں، کو صرف آپ کے فون میں رکھا جاتا ہے۔ آپ جب چاہیں، ایپ کو اور اس کے ذخیرہ شدہ تمام ڈیٹا کو حذف کر سکتے ہیں۔

## آپ کا ڈیٹا محفوظ اور مستحکم ہے

ایپ آپ کی ذاتی معلومات اپنے پاس نہیں رکھے گی اور آپ کے محل وقوع پر بھی نظر نہیں رکھے گی۔

ایپ **کو استعمال نہیں** کیا جا سکتا:

- آپ کی شناخت کے لیے
- آپ کا سراغ لگانے کے لیے
- یہ چیک کرنے کے لیے کہ آیا آپ آئسولیٹ یعنی علیحدہ ہوئے ہیں
- بائی لاء انفورسمنٹ اور امیگریشن سروسز

یوکے حکومت، ایپل، گوگل اور متعلقہ صنعت کے ماہرین نے اس ایپ کے ڈیزائن، ٹیسٹ اور بہتری میں بے حد مدد فراہم کی ہے۔

نیشنل سائبر سیکورٹی سنٹر بھی یہ چیک کرتا ہے کہ آیا یہ ایپ استعمال میں محفوظ اور مستحکم ہے۔



NHS
Test and Trace

# آپ کی ذاتی رازداری اور ڈیٹا

اس ایپ کو آپ کی رازداری اور تحفظ کو ذہن میں رکھتے ہوئے بنایا گیا ہے

## کیا ایپ کو میرے فون نمبروں تک رسائی ہو گی؟

نہیں۔ ایپ کو آپ کے فون نمبروں یا فون میں موجود دیگر کسی قسم کی ذاتی معلومات تک رسائی حاصل نہیں ہوتی۔ اس میں آپ کا نام، روابط، ای میل پتے یا فون نمبرز یا آپ کے فون کے بارے میں مخصوص تفصیلات شامل ہوتی ہیں۔

آپ کی رازداری اور شناخت محفوظ ہے۔

ڈیٹا اور رازداری کے بارے میں مزید معلومات یہاں سے مل سکتی ہے
**.www.covid19.nhs.uk**

## "چیک ان" خصوصیت میں کس ڈیٹا کا ریکارڈ بنتا ہے؟

جب آپ کسی جگہ کے اندر جاتے ہیں، تواس کا ڈیٹا آپ کے فون میں رکھا جائے گا۔ اس میں آپ کے داخلے کا وقت اور تاریخ اور متعلقہ جگہ کا شناخت کنندہ شامل ہوتا ہے۔

ایپ ہر 21 دن کے بعد مختلف مقامات میں آپ کے داخلوں کی فہرست کو خودکار طریقے سے حذف کرتی رہے گی اور اگر آپ چاہیں، تو کسی بھی وقت اس فہرست کو خود بھی حذف کر سکتے ہیں۔

جس جگہ آپ گئے ہوں، اگر اس وقت وہاں پر موجود لوگوں میں سے کسی شخص کا بعد میں کورونا وائرس کا ٹیسٹ مثبت آ جاتا ہے، تو اس سے آگاہ کرنے کے لیے اپ کو بھی انتباہ بھیجا سکتا ہے۔



# عمومی سوالات

آپ کے سوالات کے جوابات

NHS Test and Trace

### رابطہ میں آنے والے لوگوں کے کھوج کے لیے استعمال کی جانے والی بے قاعدہ منفرد آئی ڈی کس طرح کی ہوتی ہے؟

بے قاعدہ منفرد آئی ڈیز ایک قسم کے کوڈ ہوتے ہیں جن میں حروف اور اعداد شامل ہوتے ہیں۔ ان کو فون ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرتے ہیں اور یہ ہر 15 تا 20 منٹ کے بعد تبدیل ہو جاتے ہیں۔ ان کی مدد سے استعمال کنندگان یا ان کے فون کی شناخت کرنا ممکن نہیں ہے۔

### کیا میں ایپ کو حذف کر سکتا ہوں؟

آپ جب چاہیں، ایپ کو کسی بھی وقت حذف کر سکیں گے۔ آپ کے فون کے آپریٹنگ سسٹم کے مطابق کچھ ڈیٹا پھر بھی باقی رہ جاتا ہے مگر ایپ اور اس میں موجود ڈیٹا حذف ہو جاتا ہے۔

اگر آپ ایپ کو حذف کر دیتے ہیں، تو پھر آپ کو مزید کوئی نوٹیفیکیشن یا انتباہ موصول نہیں ہو گا۔

### کیا میں کسی ایسے ایپ استعمال کنندہ کو شناخت کر سکتا ہوں جس کا کورونا وائرس (کووڈ-19) ٹیسٹ مثبت آیا ہو؟

نہیں۔ ایپ کی مدد سے آپ کورونا وائرس سے متاثرہ لوگوں کی شناخت نہیں کر سکیں گے۔ بے قاعدہ منفرد آئی ڈیز کو یہ بات یقینی بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ ایپ کے استعمال کنندگان کی شناخت اور رازداری کو محفوظ بنایا جا سکے۔

تاہم، استعمال کنندگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے فون کو محفوظ رکھیں کیونکہ اگر آپ کا فون دوسرا کوئی شخص استعمال کرتا ہے، تو وہ بھی آپ کے انتباہ دیکھ سکتا ہے۔

### کیا ایپ میری بیٹری کو جلدی ختم کر دے گی؟

ایپ "بلوٹوتھ کی کم توانائی" استعمال کرتی ہے، جس سے آپ کے موبائل فون کی بہت تھوڑی بیٹری استعمال ہوتی ہے، خاص طور پر اس سے بھی کم جب آپ عام حالات میں بلوٹوتھ کو آن رکھتے ہیں۔

### ایپ کو میرے پوسٹ کوڈ ڈسٹرکٹ کی ضرورت کیوں ہے؟

جب آپ ایپ کو ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں، تو آپ سے آپ کا پوسٹ کوڈ ڈسٹرکٹ مانگا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کے پوسٹ کوڈ کا پہلا حصہ این ایچ ایس کےساتھ شیئر کیا جاتا ہے۔

ایک پوسٹ کوڈ میں عام طور پر تقریبًا 8,000 پتے موجود ہوتے ہیں، جس کا مطلب یہ ہے کہ اس کی مدد سے آپ کے مخصوص مقام کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔

آپ کے پوسٹ کوڈ ڈسٹرکٹ کے استعمال سے ایپ آپ کے علاقے میں موجود خطرے سے آپ کو آگاہ کرنے کے لیے کرے گی۔

این ایچ ایس پوسٹ کوڈ ڈسٹرکٹ کو درج ذیل کے لیے استعمال کرے گا:

- مقامی ہسپتالوں کی سروسز کا اندازہ اور انتظامات
- ایپ کو بہتر بنائیں اور یقینی بنائیں کہ یہ کام کرتی ہو

### اگر میرا فون لاک ہو، تو ایپ پھر بھی کام کرے گی؟

اگر آپ کا فون لاک بھی ہو، تو ایپ تب بھی کام کرے گی بشرطیکہ آپ کا فون آن ہو اور بلوٹوتھ بھی فعال ہو۔ ماسوائے اس وقت کے جب آپ کا فون ری سٹارٹ ہو رہا ہوتا ہے، تو آپ کو ایپ کو چلانے کے لیے پہلی مرتبہ لازمی طور پر فون کو اَن لاک کرنا پڑتا ہے۔ ایسا صرف ری سٹارٹ کے وقت ہوتا ہے اور آپ کو ایپ کھولنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

### مجھے نوٹیفیکیشنز کو آن رکھنے کی کیوں ضرورت ہو گی؟

ایپ کی مخصوص خصوصیات کے کام کرنے کے لیے نوٹیفیکیشنز استعمال کی جاتی ہیں، مثلاً رابطہ کا کھوج لگانا۔ اگر آپ نے کسی ایسے شخص کے پاس وقت گزارا ہو جس کا کورونا وائرس ٹیسٹ بعد میں مثبت آ گیا ہو، تو آپ کا فون نوٹیفیکیش کے ذریعے آپ کو ایک انتباہ بھیجے گا، لہٰذا براہ کرم جب آپ سے کہا جائے تو نوٹیفیکشنز کو آن رکھیں۔



"عمومی سوالات" کے مزید جوابات دیکھنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **www.covid19.nhs.uk**

NHS
Test and Trace

# عمومی سوالات

آپ کے سوالات کے جوابات

### کیا ایپ کو کام کرنے کے لیے بلوٹوتھ کی ضرورت ہے؟

ہاں۔ ایپ کام کرنے کے لیے "بلوٹوتھ کی کم توانائی" استعمال کرتی ہے۔ جب آپ ایپ ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں، تو آپ کو ایپل اور گوگل کی "Exposure Notifications" سروس کو اجازت دینا ہو گی

اس کی وجہ یہ ہے کہ ایپ بلوٹوتھ کی مدد سے آپ کے قریب وقت گزارنے والے دیگر ایپ استعمال کنندگان کی بے قاعدہ آئی ڈیز کو ریکارڈ کرتی ہے۔ اس کو "ایکسپوژر لاگنگ" کہا جاتا ہے اور یہ ٹیکنالوجی رابطوں کا کھوج صرف اسی صورت میں ہی لگا سکتی ہے جب آپ کے فون کا بلوٹوتھ آن ہو گا۔

### مجھے کیوں اور کب کسی مقام میں داخل ہونا چاہیے؟

اگر آپ کسی ایسے مقام میں داخل ہوتے ہیں (مثلاً
کوئی دکان، کوئی ریسٹورینٹ یا سیلون)، جس میں داخلی مقام پر این ایچ ایس کا باضابطہ ٹیسٹ اینڈ ٹریس کیو آر کوڈ پوسٹر آویزاں کیا گیا ہے، تو آپ کو اپنے فون کے کیمرے سے وہ کیو آر کوڈ اسکین کر لینا چاہیے۔

آپ کو ایک پیغام کی مدد سے مطلع کیا جائے گا کہ آپ استعمال سے پہلے اس کو اجازت دے سکتے ہیں۔

اگر آپ حال ہی میں کسی ایسی جگہ پر گئے ہوں جہاں پر کورونا وائرس (کووڈ-19) کا کوئی مریض موجود ہوا، تو پھر آپ کو انتباہ موصول ہو گا۔

### مجھے اپنے فون کا آپریٹنگ سسٹم کیوں اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت ہے؟

این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس ایپ کے کام کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ کے فون پر تازہ ترین آپریٹنگ سسٹم انسٹال شدہ ہو۔

ایپل فون کے لیے ورژن 13.5 یا اس سے اگلا ورژن لازمی ہے۔ اینڈرائیڈ فون کے لیے مارشمیلو یا ورژن 6.0 یا اس سے اگلا ورژن ہونا لازمی ہے۔

دیگر فونز اور آپریٹنگ سسٹم کو اپ گریڈ کرنے کے حوالے سے ہدایات کے لیے اس ویب سائیٹ: **www.covid19.nhs.uk.** پر موجود "عمومی سوالات" ملاحظہ کریں۔



"عمومی سوالات" کے مزید جوابات دیکھنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **www.covid19.nhs.uk**

NHS

COVID-19

GET IT ON Google Play

Download on the App Store

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں:

**www.covid19.nhs.uk**